فوری ریلیز کے لیے: 19/3/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے MTA کے کمپنیوں سے 2,390 سب وے کاریں بنانے کا متلاشی ہونے کا اعلان، سب وے کاروں کا اب تک کا سب سے بڑا آرڈر

نئی کاریں گورنر Hochul (ہوکل) کی جانب سے MTA کے 2025-2029 کیپٹل پلان کو مکمل فنڈنگ سے ممکن بنائی گئی ہیں

MTA کیپٹل پلان میں نئی سب وے اور ریل روڈ کاروں میں اب تک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری شامل ہے

نئی کاریں 1، 3 اور 6 لائنوں پر بیڑے کی جگہ لیں گی؛ اگر اختیار استعمال کیے گئے تو 2، 4 اور 5 لائنوں پر تمام کاروں کو بھی بدل دیں گی

رولنگ سٹاک کو جدید بنانے اور سروس کے قابل اعتماد ہونے کو بہتر بنانے کے لیے MTA کی کوششوں کا تسلسل

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) ریل کار بنانے والوں سے تاریخ کے سب سے بڑے سب وے کار کنٹریکٹ کے لیے 1،140 سب وے کاروں کے بیس آرڈر کے لیے تجاویز طلب کر رہی ہے تاکہ 1، 3، 6 لائنوں پر چلنے والے R62 اور R62A بیڑوں کو تبدیل کیا جا سکے، اور اگر اضافی کار خریدنے کا اختیار استعمال کیا جاتا ہے تو، 2، 4، 5 لائنوں پر R142 اور R142A کاروں کو تبدیل کیا جائے۔

"ہزاروں نئی سب وے کاریں جو ہر روز لاکھوں لوگوں کے لیے بہتر سروس اور زیادہ قابلِ اعتماد سواری چلا رہی ہیں — یہی وہ چیز ہے جو ہم تب حاصل کر سکتے ہیں جب ہم مکمل طور پر سفر میں سرمایہ کاری کرتے ہیں"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم نیو یارک میں عوامی آمد و رفت کی بحالی کے ایک نئے دور کے درمیان ہیں، جہاں سواریوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، ایک نسل کی بہترین خدمات دستیاب ہیں اور ہمارے شہر کی زندگی کی دھڑکن کو جدید بنانے کے لیے تاریخی سرمایہ کاریاں کی جا رہی ہیں۔ سب وے میں اور بھی زیادہ کھلی گینگ وے کاریں لانے سے، ہم سواریوں کی حفاظت اور مجموعی تجربے میں حقیقی بہتری لا سکتے ہیں"۔

MTA کے چیئر اور سی ای او Janno Lieber (جانو لائبر) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی بدولت، MTA کے پاس 2025-2029 کا تاریخی 68$ بلین کا کیپٹل پلان ہے، اور نیو یارک کے لوگ سفری ذرائع میں سرمایہ کاری کا سنہری دور دیکھ رہے ہیں۔ ہماری بہت سی مالی سرمایہ کاری نظر نہیں آتی، لیکن یہ اگلا سب وے کار کا آرڈر – جو ہمارا اب تک کا سب سے بڑا آرڈر ہے – ایسا جدید سفری نظام فراہم ہوتا ہوا نظر آنے کی طرف ایک بڑا قدم ہے جس کے نیو یارک والے مستحق ہیں"۔

مجموعی طور پر، معاہدے میں 2,390 نئی سب وے کاریں شامل ہیں – جو شکاگو ٹرانزٹ اتھارٹی کے سب وے بیڑے اور میساچوسٹس بے ٹرانزٹ اتھارٹی کی کاروں کے مجموعے سے زیادہ بھی ہیں۔ نئی کاریں، ماڈل R262، کو MTA کے 2025-29 کیپٹل پلان سے مالی اعانت فراہم کی جائے گی، جس نے FY26 کے نافذ کردہ ریاستی بجٹ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاستی مقننہ سے تاریخی 68$ بلین کی فنڈنگ حاصل کی۔ یہ کیپٹل پلان MTA کی تاریخ میں نئے رولنگ اسٹاک میں سب سے بڑی سرمایہ کاری کی نمائندگی کرتا ہے۔ اس خریداری میں 2020-2024

کیپٹل پلان کے ذریعے دستیاب فنڈز بھی شامل ہیں، جن کی حمایت بھیڑ کے اوقات میں قیمتوں کے تعین سے ہونے والی آمدنی سے ہوتی ہے۔

ایک نئے رولنگ اسٹاک پروگرام کی موجودگی کے ساتھ، MTA نے اس معاہدے سے مختلف طریقے سے رجوع کیا ہے، شرائط و ضوابط کو جدید بنایا ہے اور مینوفیکچررز کو نئی تجاویز پیش کرنے کے لیے زیادہ لچک دے کر اختراع کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ 60 فیصد سے زیادہ تکنیکی وضاحتیں بھی اب کارکردگی پر مبنی ہیں، نہ کہ ڈیزائن پر، اور پہلی بار، شرائط تجویز کنندگان سے ملکیت کے تخمینے کی کل لاگت جمع کروانے کی درخواست کرتی ہیں۔ ان کوششوں کا نتیجہ ایک منظم معاہدے کی صورت میں نکلتا ہے جو ٹھیکیداروں کو درپیش موجودہ چیلنجوں کے درمیان ایک متوازن نقطہ نظر اپناتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اتھارٹی اپنے اختیار میں ضروری ٹولز کو برقرار رکھے تاکہ معیاری کاروں کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے جس کے سوار افراد مستحق ہیں۔

کاروں کا یہ تاریخی معاہدہ سب وے کے پورے بیڑے کے 36.4 فیصد تک کی جگہ لے سکتا ہے - 17.3 فیصد صرف بنیادی آرڈر کے ساتھ سب وے کا پورا بیڑا 6,574 کاروں پر مشتمل ہے۔ نئی کاریں ناکامی کے درمیان زیادہ اوسط فاصلہ (Mean Distance Between Failure, MDBF) کے ساتھ بھروسہ مندی کو نمایاں طور پر بہتر بنائیں گی —ایک پیمانہ ہے کہ کار کتنی دیر تک مسائل، مرمت یا دیکھ بھال کے بغیر چل سکتی ہے۔ R62/R62A کے اوسطاً 89,000 میل کے مقابلے میں R262 کا MDBF تقاضہ 200,000 میل ہے۔ اس اپ گریڈ سے صارفین کو راستے میں پیش آنے والی پریشانیوں کی تعداد میں کمی آئے گی اور کاروں کے سروس سے ہٹائے جانے کے وقت میں کمی آئے گی۔

تجاویز کے لیے درخواست (RFP) دیگر تکنیکی خصوصیات کا خاکہ پیش کرتی ہے جو استعداد، سلامتی، کارکردگی، اور گاہک کے تجربے کو بڑھانے کے لیے بنائی گئی ہیں۔ ان میں اعلانات کرنے کے اعلیٰ معیار کے نظام، سننے کے معاون آلات شامل ہیں جو سماعت سے محروم مسافروں کو ذاتی آلات، جیسے کہ آلاتِ سماعت، سے منسلک ہونے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ، RFP اس بات کا خاکہ پیش کرتی ہے کہ مستقبل کے آرڈر میں متعین کرنے کے لیے کھلی گینگ وے کاروں کی ایک مقدار ہو گی، جو A-ڈویژن پر نمبر والی لائنوں میں پہلی ہو گی۔ کارکردگی کی بہتریوں میں مسافروں کی خودکار گنتی (APC) کے نظام کی تنصیب اور الیکٹرک بریک کنٹرول شامل ہیں تاکہ کم حصوں کے ذریعے بچت حاصل کی جا سکے۔ حفاظتی تصریحات میں آن بورڈ کیمرے شامل ہیں، جیسے کہ وہ جو اس وقت موجودہ سب وے بیڑے میں نصب ہیں، نیز پلیٹ فارم کے کنارے نصب CCTV کیمرے، اور غیر مجاز افراد کو کیبن تک رسائی سے روکنے کے لیے ایک الیکٹرانک لاک بھی شامل ہے۔

تجاویز 8 ستمبر 2026 تک جمع کروانی ہیں، اور ایک معاہدے کا سنہ 2028 کے اوائل تک ایوارڈ ہونا متوقع ہے۔

یہ RFP پچھلے مہینے کے اعلان کی پیروی کرتا ہے جب MTA کے چیئر اور سی ای او Janno Lieber (جانو لائبر) نے Jessie Lazarus (جیسی لازارس) کو ایک نئی تنظیم بنانے اور اس کی قیادت کرنے کے لیے مقرر کیا جو MTA کی رولنگ اسٹاک حکمتِ عملی کی ہدایت کرتا ہے اور MTA کے سب سے زیادہ تزویراتی اثاثوں کے حصول اور زندگی بھر کے اخراجات پر توجہ کو یقینی بناتا ہے، بشمول بسیں، سب وے کاریں اور مسافر ریل ٹرینیں۔ نئے رولنگ اسٹاک پروگرام کی سربراہ کے طور پر، Lazarus (لازارس) اور ان کی ٹیم تمام نئی سب وے، بس، اور ریل روڈ کاروں کی خریداری کا انتظام کرتی ہے، بشمول MTA کے پرانے بیڑے کو تبدیل کرنے کے لیے 2025-29 کیپٹل پلان سے $12 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری۔

یہ اعلان بھی MTA کے سنہ 2025 کے آخر میں ریل کار قبولیت اور جانچ کی اپنی نوعیت کی پہلی سہولت کے افتتاح کا جشن منانے کے بعد ہوا ہے۔ یہ سہولت MTA کو نئی سب وے کاروں، ورک لوکوموٹیوز اور دیگر رولنگ سٹاک کو زیادہ مؤثر طریقے سے آن سائٹ ٹیسٹنگ مکمل کر کے، اور کاروں کو زیادہ تیزی سے سروس میں داخل ہونے کے قابل بناتی ہے۔ اس سے یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ MTA اس وقت سے لے کر اب تک — جب ایک نسل سے بھی پہلے باقاعدہ سرمایہ جاتی منصوبہ بندی پہلی بار متعارف کرائی گئی تھی — ریل گاڑیوں کی سب سے بڑی نئی کھیپ وصول کرنے کے لیے تیار ہے۔

MTA چیف، رولنگ اسٹاک پروگرام (جیسی لازارس) نے کہا، "یہ MTA کی تاریخ میں نئی سب وے کاروں کا سب سے بڑا آرڈر ہو گا، اور ہم زیادہ سے زیادہ اہل فرموں کو راغب کرنے کے لیے اپنے طریقۂ کار کو جدید بنا رہے ہیں۔ ہم صنعت سے کہہ رہے ہیں کہ وہ اپنی بہترین تجاویز پیش کریں - تکنیکی اور تجارتی - ہماری کارکردگی کے معیارات پر پورا اتریں اور MTA کو عالمی معیار کا سفری تجربہ فراہم کرنے میں مدد کریں جس کے ہمارے صارفین مستحق ہیں"۔

نیو یارک سٹی ٹرانزٹ کے صدر Demetrius Crichlow (دیمیتریس کرشلو) نے کہا، "ہم ان کاروں کو تبدیل کرنے کے بارے میں بات کر رہے ہیں جو سنہ 1980 کی دہائی سے چلی آ رہی ہیں - کیا کوئی اور 40 سال پرانی کاریں چلا رہا ہے؟ اگرچہ ہم اس بیڑے کے ساتھ خدمات کو شامل کرتے ہوئے بروقت پہنچنے کی تاریخی کارکردگی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے ہیں، لیکن یہ جدید دور میں داخل ہونے کا وقت ہے۔ اور ہماری ریل کاریں قبول کرنے اور جانچنے کی اپنی نوعیت کی پہلی سہولت نیو یارک والوں کے لیے ایک علامت کے طور پر کام کرتی ہے کہ ہم اس تاریخی خریداری کے وعدے کو پورا کرنے میں سنجیدہ ہیں"۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں